سوال نمبر: 13205

منجانب: عنایت اللہ صاحب، رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر جیل خانہ جات ارشاد فرمائیں گے کہ۔

جواب	سوال
(الف) جی ہاں یہ درست ہے کہ ضلع دیر بالا میں کوئی ڈسٹرکٹ جیل موجود نہیں ہے، تاہم مذکورہ ضلع میں سب جیل کرائے کی عمارت میں قائم ہے۔	(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع دیر بالا میں ڈسٹرکٹ جیل نہیں ہے؟
(ب) جی ہاں، تحصیل دیر گندیگار (غنم رنگہ) میں زمین ڈسٹرکٹ جیل دیر اپر کی تعمیر کے لیے زمین حاصل کی گئی ہے، جس کا رقبہ 98 کنال اور 16 مرلہ ہے۔	(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع دیر بالا میں ڈسٹرکٹ جیل کیلئے زمین تقریباً 10 سال قبل خریدی گئی تھی؟
(ج) منصوبہ "ڈسٹرکٹ جیل دیر بالا کی تعمیر" کو باقاعدہ طور پر سالانہ ترقیاتی پروگرام میں شامل کرنے کے لیے تجویز دی گئی تھی لیکن مالی مشکلات کی وجہ سے اس کی عکاسی سالانہ ترقیاتی پروگرام میں نہیں ہو سکی۔ اب یہ منصوبہ اگلے سالانہ ترقیاتی پروگرام 23-2022 میں تجویز کیا جائیگا جسکے بعد تعمیراتی کام شروع کیا جائیگا۔	(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ جیل پر تعمیراتی کام کا آغاز کب ہوگا اور تاحال کام شروع نہ کرنے کی وجوہات کیا ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔